روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
جمعہ 11مارچ 2011ء 5ربیع الثانی 1432 ہجری 11/امان 1390ہش جلد 61-96 نمبر 58

نہ تھکنے والا

اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور وہ ان کی تخلیق سے تھکا نہیں، اس بات پر قادر ہے کہ مردوں کو زندہ کرے؟ کیوں نہیں! یقیناً وہ ہر چیز پر جسے وہ چاہے دائمی قدرت رکھتا ہے۔

(الاحقاف :34)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قادر مطلق کہ جس کے علم قدیم سے ایک ذرہ مخفی نہیں اور جس کی طرف کوئی نقصان اور خسران عاید نہیں ہوسکتا اور جو ہر یک قسم کے جہل اور آلودگی اور ناتوانی اور غم اور حزن اور درد اور رنج اور گرفتاری سے پاک ہے وہ کیوں کر اس چیز کا عین ہوسکتا ہے کہ جو ان سب بلاؤں میں مبتلا ہے۔کیا انسان جس کی روحانی ترقیات کے لئے اس قدر حالات منتظرہ ہیں جن کا کوئی کنارہ نظر نہیں آتا۔وہ اس ذات صاحب کمال تام سے مشابہ یا اس کا عین ہوسکتا ہے جس کے لئے کوئی حالت منتظرہ باقی نہیں؟ کیا جس کی ہستی فانی اور جس کی روح میں صریح مخلوقیت کے نقصان پائے جاتے ہیں۔وہ باوجود اپنی تمام آلائشوں اور کمزوریوں اور ناپاکیوں اور عیبوں اور نقصانوں کے اس ذات جلیل الصفات سے برابر ہوسکتا ہے جو اپنی خوبیوں اور پاک صفتوں میں ازلی ابدی طور پر اتم اور اکمل ہے۔سبحانه و تعالیٰ عما یصفون ۔بلکہ اس تیسرے قسم کی ترقی سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ سالک خدا کی محبت میں ایسا فانی اور مستہلک ہو جاتا ہے اور اس قدر ذات بے چون و بے چگون اپنی تمام صفات کاملہ کے ساتھ اس سے قریب ہو جاتی ہے کہ الوہیت کے تجلیات اس کے نفسانی جذبات پر ایسے غالب آجاتے ہیں اور ایسے اس کو اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں جو اس کو اپنے نفسانی جذبات سے بلکہ ہر یک سے جو نفسانی جذبات کا تابع ہو مغائرت کلی اور عداوتِ ذاتی پیدا ہو جاتی ہے اور اس میں اور قسم دویم کی ترقی میں فرق یہ ہے کہ گو قسم دویم میں بھی اپنے رب کی مرضی سے موافقت تامہ پیدا ہو جاتی ہے اور اس کا ایلام بصورت انعام نظر آتا ہے۔مگر ہنوز اس میں ایسا تعلق باللہ نہیں ہوتا کہ جو ماسوی اللہ کے ساتھ عداوت ذاتی پیدا ہو جانے کا موجب ہو اور جس سے محبت الٰہی صرف دل کا مقصد ہی نہ رہے بلکہ دل کی سرشت بھی ہو جائے۔غرض قسم دویم کی ترقی میں خدا سے موافقت تامہ کرنا اور اس کے غیر سے عداوت رکھنا سالک کا مقصد ہوتا ہے اور اس مقصد کے حصول سے وہ لذت پاتا ہے لیکن قسم سوم کی ترقی میں خدا سے موافقت تامہ اور اس کے غیر سے عداوت خود سالک کی سرشت ہو جاتی ہے جس سرشت کو وہ کسی حالت میں چھوڑ نہیں سکتا۔کیونکہ انفکاك الشی عن نفسه محال ہے۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1ص 593)

داخلہ کلاس ششم تا نہم

(اردو میڈیم نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

اردو میڈیم ہائی سکول نصرت جہاں اکیڈمی دارالنصر غربی ربوہ میں جماعت ششم کے داخلہ کا شیڈیول درجِ ذیل ہے۔فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 31مارچ 2011ء ہے داخلہ ٹیسٹ 3/اپریل کو اور انٹرویو 4/اپریل کو ہوگا کامیاب طلباء کی فہرست مورخہ 6/اپریل 2011ء کو سکول کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کردی جائے گی۔6 تا 11/اپریل واجبات وصول کئے جائیں گے۔کلاسز کا باقاعدہ آغاز 12/اپریل 2011ء سے ہوگا۔

جماعت ہفتم، ہشتم اور نہم میں بھی محدود نشستوں پر داخلہ کیا جائے گا۔جس کا شیڈیول درج ذیل ہے۔فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 4/اپریل 2011ء ہے داخلہ ٹیسٹ 7/اپریل کو اور انٹرویو 9/اپریل کو ہو گا۔کامیاب طلباء کی فہرست 11/اپریل 2011ء کو سکول کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کردی جائے گی۔

نوٹ :داخلہ فارم کے ساتھ 2عدد پاسپورٹ سائز تصاویر اور سکول لیونگ سرٹیفکیٹ لف کریں۔ٹیسٹ اردو، انگلش اور ریاضی کے مضامین کا ہوگا۔ ہر کلاس کا داخلہ ٹیسٹ اس کی پچھلی کلاس کے سلیبس میں سے لیا جائے گا۔داخلہ فارم دفتری اوقات میں ادارہ سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

(پرنسپل اردو میڈیم ہائی سکول ربوہ)

درخواست دعا

مختلف سکولوں اور کالجوں کے امتحانات شروع ہو چکے ہیں ۔اور کچھ آئندہ شروع ہوں گے احباب جماعت سے تمام احمدی طلباء و طالبات کی نمایاں کامیابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

مشعل راہ

دعاؤں سے خدا تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 28 نومبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو شخص کوئی نیکی کرتا ہے اس کو دس گنا بلکہ اس سے بھی زیادہ ثواب میں دوں گا۔ اگر وہ برائی کرتا ہے تو اس کو اس برائی کے برابر سزا دوں گا یا اسے بخش دوں گا اور جو شخص ایک بالشت میرے قریب ہوتا ہے میں ایک گز اس کے قریب ہوتا ہوں اور جو ایک گز میرے قریب ہوتا ہے میں دو گز اس کے قریب ہوتا ہوں اور جو میرے پاس چلتے ہوئے آتا ہے تو میں اس کے پاس دوڑے ہوئے جاتا ہوں۔ اگر کوئی شخص دنیا بھر کے گناہ لے کر میرے پاس آئے بشرطیکہ اس نے میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا ہو تو میں اس کے ساتھ اتنی ہی بڑی مغفرت اور بخشش سے پیش آؤں گا اور اسے معاف کر دوں گا''۔

(مسلم کتاب الذکر باب فضل الذکر والدعاء)

تو یہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں تحریص دلائی ہے کہ اس طرح میں معاف کیا کرتا ہوں۔ اب یہ نہیں کہ بار بار معافی مانگو اور بار بار غلط کام کرتے چلے جاؤ اور میری نافرمانی کرتے چلے جاؤ۔ تو ہم میں سے جنہوں نے بھی اس رمضان سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اللہ کی مغفرت اور بخشش سے فائدہ اٹھایا ہے اور اللہ تعالیٰ نے جن فضلوں کے دروازوں کو ہم پر کھولا ہے، ہمارا کام ہے کہ اب اللہ کے فضلوں کو مانگتے ہوئے اسی التزام کے ساتھ اسی باقاعدگی کے ساتھ اس کے سامنے جھکتے ہوئے ان مغفرت اور بخشش کے دروازوں کو بند نہ ہونے دیں۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے دروازے ہم پر کھلے رہیں اور ہماری کمزوری کی وجہ سے ہمارے قریب پہنچی ہوئی منزلیں کہیں ہم سے پھر دور نہ ہو جائیں، کہیں ہم راستے میں ہی تھک کر بیٹھ نہ جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دیتا رہے کہ جس طرح عبادات بجالانے کا حق ہے اسی طرح عبادات بجالاتے رہیں۔

حضرت عمرو بن عبسہؓ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ (ہمارا) رب رات کے درمیانی حصے میں بندے کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ پس اگر تم سے ہو سکے تو اس گھڑی تو اللہ کا ذکر کرنے والوں میں سے بن جائے تو ضرور بن''۔

(سنن الترمذی۔ کتاب الدعوات)

تو رمضان کے دنوں میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ عادت ہمیں پڑ گئی کہ رات کو اٹھے اور تہجد کی نماز ادا کی، نوافل پڑھے۔ اگر ہم اس عادت کو باقاعدہ کر لیں اور جاری رکھیں تو اس حدیث کے مطابق اللہ تعالیٰ کے ہم بہت قریب ہوں گے۔ اور اللہ تعالیٰ کے قریب ہونے کا مطلب یہی ہے کہ آپ نے سب کچھ پا لیا۔ تو دعاؤں کے ساتھ پھر ایک بات یہ ہے کہ دعاؤں کے ساتھ، عبادات کے ساتھ جمعہ کے دن کا بھی ایک خاص تعلق ہے۔ اس دن میں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسا وقت رکھا ہوا ہے جس میں بندے کی دعا سنی جاتی ہے اور پھر اس دور کا حضرت اقدس مسیح موعود کے دور کا (۔) کی نشاۃ ثانیہ کا جمعہ کے ساتھ ایک خاص تعلق ہے۔ تو جمعہ کو بھی ہمیں خاص اہتمام سے منانا چاہئے۔ بعض ایسی دعائیں ہیں، جماعتی دعائیں ان کے لحاظ سے بھی خاص طور پر اس طرف توجہ کرنی چاہئے۔ نوافل کے لئے بھی، گھر کے ہر فرد کو اٹھنا چاہئے۔ جمعہ پڑھنے کے لئے تمام مردوں کو ضرور جانا چاہئے، کوشش کر کے بھی اور (۔) میں جمعوں کی حاضریاں بھی ایسی ہی ہونی چاہئیں جیسے رمضان میں ہوتی تھیں۔ (روزنامہ الفضل 16 مارچ 2004ء)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 609

حضرت مسیح موعود کا نظام ڈاک

حضرت مفتی محمد صادق صاحب مدیر شہیر ''بدر'' کے قلم سے وسط جون 1907ء میں رقم فرمودہ ایک بیش قیمت معلومات افروز نوٹ ''تمام ڈاک روزانہ چٹھی رساں براہ راست حضرت اقدس کے پاس لے جاتا ہے حضرت خود تمام خطوط کو کھولتے ہیں اور پڑھتے ہیں بعض کے جواب حضرت بشرط صحت اور بشرط ضرورت خود لکھتے ہیں اور باقی ڈاک جواب لکھنے کے واسطے ایک خادم کے سپرد ہوتی ہے ان خطوں میں سے بعض پر حضور اپنے ہاتھ سے کچھ نوٹ کر دیتے ہیں جس سے جواب کی طرف راہ نمائی مل جاتی ہے اور بعض خطوط خادم دوبارہ پیش کر کے دریافت کر لیتا ہے کہ اس کو کیا جواب لکھا جائے جن خطوط میں صرف دعا کے واسطے درخواست ہوتی ہے حضرت ان کے واسطے ضرور دعا کرتے ہیں ایسے صاحبان کے خطوط اگر روزانہ آویں تو تیسرے چوتھے روز ان کو اطلاع کر دی جاتی ہے کہ آپ کا خط دعا کے واسطے ہر روز حضرت کی خدمت میں پہنچتا ہے اور جو خطوط دعا کے واسطے گاہے گاہے آتے ہیں ان میں سے ہر ایک کا جواب ساتھ ساتھ دیا جاتا ہے غرض اس طرح سے ڈاک کے متعلق انتظام ہے اور جو لوگ ڈاک میں دعا کے واسطے خط لکھتے ہیں ان کے لئے دعا ضرور کی جاتی ہے۔ یہ بات مجھے اس طرح سے معلوم ہے کہ حضرت مولوی عبدالکریم مرحوم کی زندگی میں ایک دفعہ جب کہ حضرت مقدمہ پر گورداسپور تشریف لے گئے اور حضرت مولوی صاحب مرحوم چند روز کے واسطے سیالکوٹ گئے اور یہ عاجز حضرت کی جوتیوں میں حاضر تھا۔ اس وقت چند روز کے واسطے حضور نے خطوط کے جواب لکھنے کا کام عاجز کے سپرد کیا تھا اس وقت اس بات کو دیکھ کر اکثر خطوط طالبان دعا کے ہی ہوتے ہیں میں نے طریقہ اختیار کیا کہ ہر روز ڈاک میں سے طالبان دعا کی ایک فہرست تیار کرتا جس میں نام و پتہ اور مطلب دعا لکھا جاتا اور وہ روزانہ حضرت کی خدمت میں بھیج دیتا چند روز کے بعد میں نے حضور سے دریافت کیا کہ جو لوگ صرف دعا کے واسطے خط لکھتے ہیں ان کو کیا جواب دیا جائے فرمایا ایسے لوگوں کے واسطے پہلے تو میں ہر ایک دعا کیا کرتا تھا جبکہ مجھے خط ملتا تھا۔ اب جبکہ آپ فہرست بنا کر بھیجتے ہیں میں ان کے لئے دو دفعہ دعا کرتا ہوں۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ بعض احباب ایسے خوش قسمت بھی ہیں جنہوں نے کبھی حضرت کو نہیں لکھا کہ حضرت خود ان کو جواب لکھیں مگر عموماً ہمیشہ حضرت خود ہی ان کو جواب لکھتے ہیں۔ جیسا کہ میاں عبداللہ سنوری یا سیٹھ عبدالرحمان صاحب مدراس ہیں الغرض یہ نعمتیں مانگنے پر منحصر نہیں جس کی قسمت ہوتی ہے اس کو خود بخود دعا پہنچتی رہتی ہے۔''

(بدر قادیان 20 جون 1907ء صفحہ 4)

موعود قافلہ سالار کا ابدی پیغام

سیدنا محمود المصلح الموعود نے برٹش انڈیا میں دنیا بھر کے احمدیوں کو یہ ابدی پیغام دیا:۔

''تمہارا ایمان تو ایسا ہونا چاہئے کہ اگر دس کروڑ بادشاہ بھی تمہیں آ کر کہیں کہ ہم تمہارے لئے اپنی بادشاہتیں چھوڑنے کے لئے تیار ہیں تم ہماری صرف ایک بات مان لو جو (دین حق) کے خلاف ہے تو تم ان دس کروڑ بادشاہوں سے کہہ دو کہ تُف ہے تمہاری اس حرکت پر، میں تو محمد مصطفی ﷺ کی ایک بات کے مقابلہ میں تمہاری اور تمہارے باپ دادا کی بادشاہتوں پر جوتی بھی نہیں مارتا۔''

(الفضل قادیان 30 جون 1942ء ص 6)

پندرہویں سولہویں صدی ہجری کا نقشۂ عالم

حضرت بانی سلسلہ احمدیہ مسیح موعود (1835ء۔1908ء) نے ایک بار فرمایا:۔

''اگر کوئی مر کر واپس آ سکتا تو وہ تین صدیوں کے بعد دیکھ لیتا کہ ساری دنیا احمدی قوم سے اسی طرح پُر ہے جس طرح سمندر قطرات سے پُر ہوتا ہے۔''

(رسالہ تشحیذ الاذھان قادیان جنوری 1913ء صفحہ 37)

پھر فرمایا:

''دیکھو وہ زمانہ چلا آتا ہے بلکہ قریب ہے کہ خدا اس سلسلہ کی دنیا میں بڑی قبولیت پھیلائے گا اور یہ سلسلہ مشرق اور مغرب اور شمال اور جنوب میں پھیلے گا .... یہ باتیں انسان کی نہیں یہ اس خدا کی وحی ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔'' (تحفہ گولڑویہ طبع اول ص 54)

صداقت میرے آقا کی زمانے پہ عیاں ہو گی
جہاں میں احمدیت کامیاب و کامران ہو گی

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

محمد طاہر ندیم صاحب۔عربی ڈیسک یو۔کے

مصالح العرب۔عرب اور احمدیت

قسط نمبر 15

قادر خدا کی قدرتوں کے نظارے

الحاج عبد الکریم صاحب احمدی (اے۔کے۔احمدی) برٹش آرمی میں ملازم تھے اور اسی ملازمت کے سلسلہ میں ان کی تقرری مصر میں ہوئی۔ جہاں انہوں نے دعوت الی اللہ کا سلسلہ جاری رکھا اور کئی مصری احمدیت میں داخل ہوگئے جن میں ایک مشہور مصری احمدی السید علی حسن صاحب بھی ہیں۔ یہ وہ زمانہ تھا جب عیسائی مشنری برٹش گورنمنٹ کے بعض عناصر کی سرپرستی اور حمایت حاصل کرکے دین کے خلاف برسر پیکار تھے اور پہلے مولانا جلال الدین صاحب شمس اور مولانا ابوالعطاء کی مساعی کے ضمن میں مصر میں کئی امریکن مشن کے پادریوں کے ساتھ مناظروں کا تذکرہ ہوا ہے جو لمبے عرصہ سے مصر میں مقیم ہونے کی وجہ سے روانی سے عربی زبان بولتے تھے اور عیسائیت کی دعوت الی اللہ کا کام زور شور سے چلا رہے تھے۔

ایسے ہی امریکن مشن کے ایک 75 سالہ بوڑھے پادری کی کوششوں کی وجہ سے پندرہ بیس قبطی مسلمان عیسائیت قبول کرنے کے لئے تیار ہوگئے اور بپتسمہ لینے ہی والے تھے کہ الحاج عبد الکریم صاحب احمدی کی اس پادری کے ساتھ مختلف امور پر گفتگو ہوگئی۔ اس گفتگو میں ان کی کامیابی کی وجہ سے یہ پندرہ بیس قبطی مصری مسلمان عیسائی ہونے سے بچ گئے۔ اپنی اس ناکامی کا بدلہ لینے کے لئے اس عیسائی پادری نے اے کے احمدی صاحب کا پیچھا کیا اور جس سیکشن میں یہ بطور ہیڈ کلرک کام کرتے تھے اس کے افسر انچارج کپتان رائٹ سے مل کر اسے اکسایا اور اس بات پر آمادہ کر لیا کہ وہ احمدی صاحب کو سزا دلوا کر ہندوستان بھجوادے کیونکہ یہاں مصر میں وہ ان کی دعوت الی اللہ میں روک بن رہا ہے۔اس کپتان نے پادری کی بات پر یوں عمل کیا کہ آپ فرماتے ہیں:

”کپتان رائٹ نے مجھے بلانے کے لئے گھنٹی بجائی، میرا کمرہ ان کے کمرے سے کچھ فاصلے پر تھا۔ میں ابھی اپنے کاغذات تیار کرکے چپڑاسی کو دے ہی رہا تھا کہ کپتان نے گھنٹی بجا کر ایک دوسرے ہیڈ کلرک کو بلا لیا جس کا کمرہ اس کے کمرہ کے بالکل قریب تھا۔ چنانچہ میں راستے سے ہی واپس چلا گیا۔اس پر کپتان موصوف نے میرے خلاف شکایت کردی اور مجھے وارننگ دے دی گئی۔اس طرح اوپر نیچے تین دفعہ شکایت کرکے کپتان نے مجھے تنبیہ دلوائی اور پھر ایک دن سفارش کی کہ میرا کورٹ مارشل کیا جائے۔ جس پر مجھے نظر بند کر دیا گیا۔ جو چارج شیٹ مجھے دی گئی اس میں یہ درج تھا کہ میں نے کپتان رائٹ کی چار دفعہ حکم عدولی کی ہے اور یہ کہ میں فلاں تاریخ کو حاضر ہوکر اپنی صفائی پیش کروں......۔جس روز فیصلہ ہونا تھا اس سے ایک دن قبل کپتان رائٹ نے دفتر میں اعلان کر دیا کہ کل مسٹر احمدی کو چھ ماہ کی سزا ہو جائے گی۔ بلکہ ایک مصری احمدی دوست السید علی حسن جب میس (Mess) میں کھانا کھانے گئے تو بعض مخالف ہیڈ کلرکوں نے انہیں یہاں تک طعنہ دیا کہ کل تمہارے مولوی کو آئی ایم ایس ایم India Meritorious service Medal تمغہ ملے گا۔ (یہ تمغہ حسن کارکردگی کی بناء پر ملتا تھا)۔السید علی حسن اسی وقت اٹھ کر میرے پاس پہنچے اور بتانے لگے کہ مخالفین یوں طنزیں کر رہے ہیں۔ میں نے ان سے اسی وقت کہہ دیا کہ آپ میس میں جا کر اعلان کر دیں کہ میرا خدا قادر ہے کہ مجھے ان مخالف حالات کے باوجود آئی ایم ایس ایم کا تمغہ دلادے“۔

جب السید علی حسن نے وہاں جا کر یہ اعلان کیا تو مخالفین قہقہہ مار کر ہنسے اور کہنے لگے کہ یہ تو جیل میں جا رہا ہے اور خوابیں تمغے کی دیکھ رہا ہے۔ احمدی صاحب فرماتے ہیں کہ:

”وہ ساری رات میں نے جاگ کر دعاؤں اور نوافل میں گزاری۔ اگلے دن فوجی عدالت میں میری پیشی تھی۔ کپتان رائٹ بھی مدعی کی حیثیت سے کمرہ عدالت میں موجود تھا۔ جب عدالت کے جج نے مجھے بلا کر اپنی صفائی پیش کرنے کے لئے کہا تو میں نے وہ سارا قصہ جو اصل حقیقت تھا بیان کر دیا۔ جج نے گواہ پیش کرنے کے لئے کہا تو میں نے عرض کیا کہ افسر انچارج کے خلاف کون گواہی دے گا۔اس پر جج کہنے لگا: تو پھر میں تجھے مجرم قرار دیتا ہوں۔ ابھی وہ اس سے آگے کچھ کہنے ہی والا تھا کہ جنرل شوٹ (جو ہماری کمپنی کے کمانڈر تھے) کا فون آ گیا۔ اس نے جج سے دریافت کیا کیا کوئی مقدمہ مسٹر احمدی کے خلاف چل رہا ہے؟ جج نے جواب دیا: ہاں حضور، اور میں ابھی اس کا فیصلہ سنانے والا ہوں۔ اس پر جنرل شوٹ نے کہا: تم فیصلہ مت سناؤ بلکہ مقدمہ کے جملہ کاغذات لے کر میرے پاس آ جاؤ۔ یہ سن کر جج نے اسی وقت کاغذات لئے اور جنرل شوٹ کے پاس چلا گیا“۔

ادھر خدا نے تو جج کو فیصلہ سنانے سے روک دیا مگر کپتان رائٹ اپنی ناپاک سازش کی کامیابی پر ابھی تک ایسا مطمئن تھا کہ احمدی صاحب کو کہنے لگا: مسٹر احمدی ہمارا اچھا وقت گزرا ہے۔ افسوس ہے کہ اب تم جیل جا رہے ہو۔ اس کی یہ بات سن کر احمدی صاحب کے منہ سے آناً فاناً یہ الفاظ نکلے:

یعنی مسٹر رائٹ تم غلط سمجھے ہو۔ تمہاری حیثیت زمین کے اوپر ایک مرے ہوئے کیڑے سے زیادہ نہیں ہے۔ جہاں تک میرا سوال ہے تو میرا بھروسہ اپنے خدا پر ہے جو زندہ خدا ہے وہ مجھے ترقی بخشے گا اور تمہیں تنزّل کا نشانہ بنائے گا۔

”ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ جج کاغذات سمیت واپس پہنچ گیا اور ہمیں مخاطب ہو کر بولا تم دونوں کو جنرل صاحب بلا رہے ہیں۔ جب ہم جنرل شوٹ کے دفتر میں پہنچے تو پہلے انہوں نے مجھے بلایا، عزت سے کرسی پر بٹھایا اور کہنے لگے: کیا تم بریگیڈیئر کُڈ کو جانتے ہو؟ میں نے کہا جناب میں انہیں اچھی طرح جانتا ہوں۔ وہ بولے: ان کا تار آیا ہے وہ آپ کو اپنے بریگیڈ میں چیف کلرک کی آسامی پر رکھنے کے لئے طلب کر رہے ہیں۔ ایک سو روپیہ ماہوار بطور الاؤنس زیادہ ملے گا۔ کیا آپ جانے کیلئے تیار ہیں؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں کیوں نہیں میں بالکل تیار ہوں“۔

اب سنئے کہ کپتان رائٹ کے ساتھ کیا ہوا۔

جنرل شوٹ ان سے اس طرح مخاطب ہوئے:

جنرل: تم کون ہو؟

رائٹ: رائٹ سر۔

جنرل: تم رائٹ (یعنی درست) نہیں ہو۔ تم نے پادریوں کے کہنے پر مسٹر احمدی کے خلاف جھوٹا مقدمہ کھڑا کیا ہے اور جج سے کہا ہے کہ اسے چھ ماہ کی قید ضرور دے دو۔ کیا تم نے سٹاف کا امتحان پاس کیا ہے؟

رائٹ: جی ہاں۔

جنرل: میں تمہارے اس امتحان کو منسوخ کرتا ہوں اور تمہارا ماہوار الاؤنس بند کرتا ہوں اور تمہیں دفتر کی بجائے محاذ پر بھیجتا ہوں۔

”ادھر جب میں اپنی ترقی کا پروانہ لے کر اور کپتان رائٹ اپنی تنزلی کے آرڈر لے کر دونوں باہر نکلے تو دفتر کے ملازمین ہماری طرف دوڑے اور پوچھنے لگے کہ کیا فیصلہ ہوا ہے۔ میرے بتانے پر کہ میں ہیڈ کلرک سے چیف کلرک بن گیا ہوں اور مجھے سو روپیہ الاؤنس بھی زیادہ ملے گا وہ بڑے حیران ہوئے اور خیال کرنے لگے کہ میرا دماغی توازن بگڑ گیا ہے۔ کیونکہ وہ تو میرے منہ سے چھ ماہ کی قید کی خبر سننے کے منتظر تھے۔ دوسری طرف کپتان رائٹ اور تو کچھ نہ کر سکا اس نے اپنا غصہ نکالنے اور مجھے نقصان پہنچانے کی نیت سے یہ کیا کہ جہاں میں جا رہا تھا وہاں کے بریگیڈ میجر کو لکھ دیا کہ مسٹر احمدی عیسائیت کا دشمن ہے اور میری تنزلی کا باعث ہوا ہے اسے ہرگز چیف کلرک کی آسامی پر نہ رکھا جائے......۔ بریگیڈیئر موصوف نے وہ خط پڑھتے ہی یہ کہہ کر پھاڑ دیا کہ میں مسٹر احمدی کو جانتا ہوں اور پھر مجھے چیف کلرکی کے عہدے کا چارج دے دیا۔ میں نے جب انہیں اپنے مقدمہ کا حال سنایا اور بتایا کہ کس طرح عین وقت پر ان کی وجہ سے خدا تعالیٰ نے مجھے نہ صرف ذلت سے بچا لیا بلکہ سروس میں بھی ترقی بخشی تو وہ بہت خوش ہوئے۔ میں نے انہیں مزید کہا چونکہ آپ اس اعتبار سے خدا تعالیٰ کے اس نشان کا حصہ ہیں اس لئے میں تہجد کی نماز میں چالیس روز تک آپ کی ترقی کے لئے دعا کروں گا۔......خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ میرے اس چالیس روزہ دعا کے اختتام پر ابھی پانچ دن اوپر ہوئے تھے کہ آرمی گزٹ میں یہ اعلان ہوا کہ بریگیڈیئر کُڈ کو D. S. O یعنی (Distinguished Order Service) کا اعزاز دیا گیا ہے۔ جب میں انہیں اس اعزاز پر مبارکباد دینے گیا تو وہ کہنے لگے: ”مسٹر احمدی یہ تمہاری چالیس روزہ دعا کا نتیجہ ہے“۔

دوسرا خدا تعالیٰ کا فضل بلکہ اس کا معجزانہ تصرف یہ ہوا کہ اس واقعہ پر چند روز ہی گزرے تھے کہ ایک اور گزٹ خود آپ کے متعلق شائع ہوا جو یہ تھا کہ: ”مسٹر احمدی کو کمانڈر انچیف کی طرف سے آئی ایم ایس ایم کا تمغہ عطا کیا گیا ہے۔“

آپ کو بعد میں پتہ چلا کہ بریگیڈیئر کُڈ نے اپنی طرف سے اور یقیناً خدائی تصرف کے ماتحت آپ کے بارہ میں حسن کارکردگی کی رپورٹ کرتے ہوئے اس تمغہ کے لئے سفارش کی تھی۔

الحاج احمدی صاحب کہتے ہیں کہ: ”تحدیث نعمت کے طور پر مخالفین کو خدا تعالیٰ کی قدرت اور غیرت کا تماشا دکھانے کے لئے میں تمغہ ملنے کے بعد چند روز کی رخصت لے کر اپنے پہلے دفتر میں گیا اور اپنے احمدی دوست السید علی حسن کے ساتھ تھوڑی دیر کے لئے ان مخالف کلرکوں کے دفتروں میں گھوما تا کہ وہ خدا تعالیٰ کے اس نشان کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں“۔

(ملخص از برہان ہدایت تالیف مولوی عبدالرحمٰن صاحب مبشر بحوالہ درویشان احمدیت از مولوی فضل الٰہی انوری صاحب جلد 2 صفحہ 172 تا 179)

اس واقعہ کو پڑھ کر دل خدا کی حمد کے جذبات سے معمور ہو جاتا ہے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے مسیح پاک کے منہ سے نکلے ہوئے مندرجہ ذیل

کلمات آپ کے خادموں کے حق میں بھی حرف بحرف پورے فرمائے، آپ نے خدائی وعدوں کی بناء پر فرمایا تھا:

خدا رسوا کرے گا تم کو میں اعزاز پاؤں گا
سنو اے منکرو اب یہ کرامت آنے والی ہے

مجدد کی تلاش

اخبار ''الفتح'' نے اپنے شمارہ نمبر 263 میں لکھا:

''جس مشکل دور سے امت اسلامیہ آج گزر رہی ہے وہ اسلام کی تاریخ میں ابتداء سے لے کر آج تک بدترین دور ہے۔''

ایسے پُر آشوب دور میں مجدد کی ضرورت وتلاش کے موضوع پر اس وقت کے مشہور عالم الشیخ مصطفیٰ الرفاعی اللبان صاحب نے ایک مضمون لکھا جسے قاہرہ سے نشر ہونے والے ایک مجلّہ ''الاسلام'' نے شائع کیا جس کے بعض اہم حصوں کا ترجمہ تاریخی ریکارڈ اور قارئین کرام کی دلچسپی کیلئے پیش ہے تاکہ وہ جان سکیں کہ عرب علاقے میں بھی کسی مصلح اور مجدد کی ضرورت کو کس شدت کے ساتھ محسوس کیا جا رہا تھا۔ الشیخ اللِبان صاحب کہتے ہیں:

''ہمیں آناً فاناً ایسی پرشور اور غضبناک آوازیں سنائی دیتی ہیں جیسے تلواروں کے آپس میں ٹکرانے کی یا گھوڑوں کی اپنی لگام میں چبانے کی یا جنوں کے شور مچانے کی آوازیں ہوں یا جیسے جہازوں کی گھن گرج کی آواز ہوتی ہے۔ ان آوازوں نے ''التجدید''، ''التجدید'' کی رٹ لگائی ہوئی ہے اور یہ کہ ہمیں قدیم اور پرانے کو چھوڑ دینا چاہئے کیونکہ وہ اس زمانہ کے قابل نہیں رہا۔ لیکن اگر ہم ان آوازوں سے پوچھیں کہ اس مزعومہ ''تجدید'' سے آپ کی کیا مراد ہے تو بلا تردد کہتی ہیں کہ اس کا مطلب یورپ کی اندھی تقلید اور اس کے طور طریقوں کو اپنانا ہے۔

اور تعجب انگیز بات یہ ہے کہ یہ آوازیں ایسی قوم کے مونہوں سے نکل رہی ہیں جو دین اسلام کو ماننے والی ہے جو کہ دینِ تجدید ہے، جس پر عمل کر کے دنیا ترقی کر سکتی ہے اور بلند ترین انسانی اقدار حاصل کر سکتی ہے...... اہل کتاب نے جب دعوت اسلام سے یہ کہتے ہوئے اعراض کیا کہ ان کے پاس تورات اور انجیل موجود ہے جو ان کی غلطی پر انہیں تنبیہ کرنے کے لئے کافی ہے، تو کیا اسلام نے اس بات پر ان کی توبیخ نہیں کی؟ کیونکہ دین میں تجدید انبیاء اور مرسلین کی بعثت کے ساتھ تعلق رکھتی ہے۔ پس ہر رسول اپنے سے پہلے رسولوں کا مجدد ہوتا ہے جو ایسی شریعت لے کے آتا ہے جو اس زمان ومکان کے ساتھ مکمل ہم آہنگی رکھتی ہے جس کی طرف وہ بھیجا گیا ہوتا ہے۔ اسلام چونکہ دنیا کی ترقی اور دین کے اعلیٰ ترین مبادی لے کر آیا اور انسانیت کو اس کی مطلوبہ خوشی اور خوش بختی اور عُلو اور کمال عطا کیا اس لئے اسلام میں اس طرح کی دینی تجدید تو ختم ہوگئی۔ تاہم ایسی تجدید اسلام میں زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ ظاہر ہوتی رہی ہے جو کہ درحقیقت قرآن کریم کی تعلیمات اور سنت نبوی کی طرف رجوع کرنے کا دوسرا نام ہے۔ اسی تجدید کی طرف آنحضرت ﷺ نے اپنی اس حدیث میں اشارہ فرمایا ہے: یعنی اللہ تعالیٰ ہر صدی کے سر پر کسی کو کھڑا کر دے گا جو اس امت کے دینی امور کی تجدید کا کام کرے گا...... چنانچہ خدا تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے وعدہ کے موافق ہر صدی کے سر پر مجدد ظاہر ہوتے آئے ہیں جن میں حضرت عمر بن عبدالعزیز اور امام نووِی رضی اللہ عنہما وغیرہ شامل ہیں۔

آج کے زمانے میں جبکہ صحیح اسلام کی زندگی پر جمود طاری ہے اور مادیت اور معصیت کے پیچھے دوڑ لگی ہوئی ہے ان حالات میں ہمیں خالص اسلامی تجدید کی ضرورت ہے نہ کہ اس جھوٹی تجدید کی جس کی طرف بعض ایسے مسلمان بلا رہے ہیں جن کی آنکھیں یورپی تہذیب اور اس کی جھوٹی چمک دمک سے چندھیا گئی ہیں اور جس سے ہمیں ایسے خطرناک نقصان کا اندیشہ ہے جس کے برے اثرات سے ہم ابھی سے نبرد آزما ہیں......۔

ہمیں تو ایک گروہ مجددین کی ضرورت ہے جو ہمارے دلوں اور عقلوں اور ہمارے نفوس میں اسلام کی مفید اور حقیقی روح پھونک دیں۔ کیونکہ اسلام ہی ہماری بیماریوں کا علاج اور ہمارے درد کا مداوا ہے۔

ہمیں ایسے گروہ مجددین کی ضرورت ہے جو ہمارے اخلاق کی تجدید کریں جو کہ اتنے بگڑ گئے ہیں کہ جن کا اسلام سے دور کا بھی تعلق نہیں رہا۔

ایسے گروہ مجددین کی ضرورت ہے جو ہماری ہمت اور شجاعت کی تجدید کریں......۔

ایسے گروہ مجددین جو ہماری پُرفخر وپُرعظمت اعمال سے معمور تاریخ کی تجدید کریں جس کی ایک مکّار قوم کے ہاتھوں تحریف ہو چکی ہے۔

جو ہمارے لئے نبی کریم ﷺ کی سیرت کی تجدید کریں جس کو ہم چھوڑ بیٹھے ہیں اور اس کی جگہ ایسی روایات کو اپنا لیا ہے جن کا نتیجہ صرف اور صرف رنج والم ہے۔

جو ہمارے لئے جہاد فی سبیل اللہ کی تجدید کریں جسے ہم نے بھلا دیا ہے اور قوت وحزم واقدام جیسے خلق کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔

جو ہمارے لئے نیکی اور تقویٰ میں تعاون کے اصول کی تجدید کریں کیونکہ ہمارے آپس میں گناہ اور زیادتی کے معاملہ میں تعاون کی وجہ سے دشمن نے ہمیں گزند پہنچانے کے معاملہ میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کر لیا ہے جس کے سبب سے ہم مغلوب ہو کر رہ گئے ہیں۔

وہ ہمارے لئے اس خیر کی تجدید کریں جسے ہم نے اپنے دین کی تعلیم کو خیر باد کہنے کے نتیجہ میں کھو دیا ہے۔

جو ہمارے لئے آزادی، عزت، وقار، استغنا اور امن وآشتی کے مفاہیم کی تجدید کریں۔

جو سلف صالحین کی عظمت رفتہ اور ہمارے آباؤاجداد کے غلبہ کی تجدید کا کام کریں۔

یہ ہے وہ تجدید جس کی ہمیں ضرورت ہے۔ اگر اس جیسی تجدید کوئی لے کر آئے تو ہم اس کو خوش آمدید کہیں گے اور اسے کہیں گے کہ تم نے اعلیٰ درجہ کی نیکی اور عظیم کام کیا ہے...... اے اللہ! اے حلیم وکریم خدا تو اپنے فضل سے ہمیں صحیح اسلامی تجدید سے متمتع فرما۔

(مجلّہ الاسلام شمارہ نمبر 42 بحوالہ البشریٰ جنوری 1935ء صفحہ 29 تا 33)

مولانا محمد سلیم صاحب کی حیفا آمد

مولانا ابو العطاء صاحب کی واپسی کے بعد الحاج مولانا محمد سلیم صاحب فلسطین میں بطور مربی تشریف لائے۔ آپ جنوری 1936ء سے مارچ 1938ء تک یہاں رہے۔

آپ کے چارج لینے کے چند ہفتے بعد فلسطین بھر میں عربوں اور یہودیوں کی باہمی کشمکش کی وجہ سے عام ہڑتال شروع ہوگئی جو چھ ماہ تک جاری رہی جس نے جلدی شورش کی شکل اختیار کر لی۔ تاہم آپ نے کبابیر میں درس وتدریس کا سلسلہ باقاعدہ جاری رکھا۔ اس دوران آپ دعوت الی اللہ کی غرض سے مصر بھی تشریف لے گئے اور مصر، فلسطین، شرق اردن میں علماء اور عیسائی پادریوں سے مناظرے کئے جن میں سچائی کو فتح نصیب ہوئی۔ 'البشریٰ' میں نشر ہونے والی بعض رپورٹس سے پتہ چلتا ہے کہ وہاں آپ کی مساعی سے متعدد افراد سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ علاوہ ازیں آپ نے مجلّہ البشریٰ کی ادارت، اس میں مختلف موضوعات پر مضامین لکھنے اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے خطبات کے تراجم نشر کرنے کا بھی گرانقدر کام کیا۔ آپ نے اپنے زمانہ قیام میں حضرت مسیح موعود کی مشہور کتاب 'الاستفتاء' شائع کی نیز رسالہ اسئلۃ واجوبۃ (پہلا حصہ) بھی لکھا۔

نمائندہ سلطان مسقط قادیان میں

شاید تاریخی اہمیت کے اعتبار سے یہ ذکر کرنا ضروری ہو کہ بعض عرب حکومتوں کے نمائندے اور سفراء وغیرہ بھی اس زمانہ میں جماعت کے بارہ میں اپنی معلومات میں اضافہ کرنے اور جماعت کے دینی ماحول کا جائزہ لینے کے لئے قادیان آیا کرتے تھے۔ اسی سلسلہ میں مسٹر عبدالمنعم نمائندہ سلطان مسقط 5 جنوری 1937ء کو قادیان تشریف لائے۔

(تاریخ احمدیت جلد 7 صفحہ 437)

صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کا سفر مصر

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 29/ جون 1938ء کو اپنے لخت جگر صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کو عربی اور زرعی تعلیم میں ترقی کے لئے مصر روانہ فرمایا۔ اس سفر کی غرض وغایت کے بارہ میں حضور فرماتے ہیں:۔

''عربی کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد وہ چونکہ انگریزی تعلیم میں لگ گئے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اب پھر عربی کا میلان تازہ ہو جائے۔ میاں ناصر بھی جو اپنی عربی کی تعلیم کے بعد انگریزی تعلیم کی تکمیل کے لئے انگلستان گئے تھے واپس آ رہے ہیں اور وہ بھی عربی کے ساتھ دوبارہ مَس پیدا کرنے کے لئے مصر میں ٹھہریں گے اور میاں مبارک احمد صاحب بھی وہاں جا رہے ہیں۔ دونوں بھائی وہاں آپس میں بھی عربی میں بات چیت کریں گے، وہاں کے علمی مذاق کے لوگوں سے بھی ملیں گے، لائبریریوں کو دیکھنے کا موقعہ بھی ان کو ملے گا اور اس طرح زبان عربی کے ساتھ مَس اور ذوق پھر تازہ ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ مصر میں کاٹن انڈسٹری کے ماہرین موجود ہیں اور وہاں کپاس خاص طور پر کاشت کی جاتی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ یہ اس کا بھی مطالعہ کریں۔

یورو سنگل کرنسی

براعظم یورپ کے ممالک کی جانب سے ڈالر کی اجارہ داری ختم کرنے کے لئے خطے میں یکم جنوری 2002ء کو عوامی سطح پر ''یورو'' کے نام سے مشترکہ کرنسی جاری کی گئی جو آج ''یورپی یونین'' اور ''یوروزون'' کے بیشتر ممالک میں رائج ہے۔ مجموعی طور پر یورو کرنسی 327 ملین یورپین افراد کے زیر استعمال ہے، جبکہ افریقہ میں 150 ملین افراد یورو کو بطور زرمبادلہ استعمال کرتے ہیں۔ یورو کاروباری لین دین کے لحاظ سے ڈالر کے بعد دوسری بڑی کرنسی بن چکی ہے۔ جون 2010ء تک 800 بلین یورو دنیا بھر میں زیرگردش تھے، جبکہ یورو نوٹوں اور سکوں کے اجراء کے لحاظ سے ڈالر کو شکست دے چکا ہے۔ کسی ایک خطے کے لئے رائج کی جانے والی کرنسی کا عالمی سطح پر پھیلاؤ اس دہائی کا اہم معاشی واقعہ ہے۔

مکرم پروفیسر محمد خالد گورایہ صاحب

طلباء اور تعطیلات

طلباء میں علم کی پیاس اور تربیت کے بعض اہم پہلو

پاکستان کے روایتی طریقہ تعلیم اور امتحانات کے وقت کا تعین چونکہ موسم گرما کی تعطیلات سے قبل ہوتا ہے اس لئے عملاً امتحانات کے بعد اگلی کلاسز میں داخلہ اور باقاعدہ پڑھائی کے درمیانی عرصہ میں طلباء تقریباً چار سے پانچ ماہ تک تعلیمی اداروں اور باقاعدہ کلاسز سے دور رہتے ہیں اِس دوری کی وجہ سے پاکستان میں طلباء کی ایک اچھی خاصی تعداد تعلیم چھوڑ دیتی ہے۔

پاکستان کی آبادی کا 70% دیہات میں آباد ہیں اور 70% پاکستان کی آبادی کا ذریعہ معاش بھی کھیتی باڑی اور زراعت سے منسلک ہے اس وجہ سے بھی تعلیم کی شرح پاکستان میں ترقی پذیر ملکوں سے بہت پیچھے ہے لہٰذا طلباء کی وہ تعداد جو دیہاتی پس منظر کے ساتھ ان امتحانات میں شریک ہوتے ہیں، اس لمبے Gap کی وجہ سے نہ صرف تعلیم کی طرف اُن کی توجہ کم ہو جاتی ہے بلکہ وہ عملاً تعلیم کو چھوڑ دیتے ہیں، دیہاتی علاقوں اور شہری ماحول میں زندگی گزارنے کے معیار بدلتے رہتے ہیں، خاکسار کا تعلق بھی تعلیم و تربیت کے شعبہ سے ہے اور ہمیں آنحضرت ﷺ کے تعلیم حاصل کرنے کے ارشادات پر کماحقہٗ عمل کرنا چاہئے جیسا کہ احادیث میں آتا ہے:۔

1۔ تعلیم حاصل کرنا ہر مومن مرد اور عورت پر فرض ہے۔

2۔ پنگھوڑے کی عمر سے لے کر قبر تک علم حاصل کرو۔

3۔ علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین (چائنہ) جانا پڑے۔

اسی طرح اولاد کی پیدائش سے قبل رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ کی دعا سکھائی گئی، پیدائش کے وقت بچے کے ایک کان میں اذان اور دوسرے میں تکبیر کہنے کا اِرشاد ہے۔

تعلیم کی افادیت اور اہمیت سے تو کسی کو کوئی انکار نہیں حتیٰ کہ کہا جاتا ہے کہ ’’بے علم نتواں خدا را شناخت‘‘۔ تعلیم کی اہمیت اور افادیت کا فہم اور ادراک جب تک شہری اور دیہاتی طبقہ کو نہ ہو یا اُنہیں اِس طرف پوری کوشش اور تندہی سے توجہ نہ دلائی جائے، اُس وقت تک پاکستان کسی صورت بھی ترقی یافتہ ملکوں کی صف میں کھڑا نہیں ہوسکتا۔

خاکسار اس بنیادی تمہید کے بعد اصل مضمون کی طرف آتا ہے، طلباء جو میٹرک، ایف اے، ایف ایس سی، بی اے، بی ایس سی کے امتحانات کے بعد گرمیوں کی چھٹیوں کو ملا کر کئی مہینوں تک پڑھائی سے منسلک نہیں رہتے، اُن کا تعلق دیہاتی زندگی سے ہو یا شہری زندگی سے، وہ تعلیم حاصل کرنے سے دُور ہٹتے چلے جاتے ہیں، آزادی کے بعد 50 سال تک تو روایتی طریقہ تعلیم کی طرف رجحان رہنے کی وجہ سے پاکستان کے طلباء کا فنی Talent، تحقیقی، سائنسی الیکٹرانک میکینک / ریفریجریشن / صنعتی یونٹس میں ہر قسم کی پیشہ ورانہ تعلیمی سہولتوں سے محروم رہا، اب بھی بہت سے ایسے شعبے ہیں جن میں کام کرنے والوں کی اتنی گنجائش ہے کہ پیشہ ورانہ ماہرین دستیاب نہیں ہوتے، اب تھوڑا سا رجحان (Trend) بدل رہا ہے، اس کو پروموٹ کرنے کے لئے ایک تو روایتی طریقہ تعلیم سے ہٹ کر میٹرک کے بعد یا کم از کم ایف اے، ایف ایس سی کے بعد اپنے مستقبل کے پیشے کا تعین کر کے اپنی ذہنی صلاحیتوں اور رجحان کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے اداروں کی طرف رجوع کرنا چاہئے دوسرا جہاں سمسٹر سسٹم رائج ہے، کم از کم چھٹیاں دی جاتی ہیں، gap ایک سمسٹر کے بعد دوسرے سمسٹر کے شروع ہونے میں صرف دو تین ہفتوں کا ہوتا ہے مہینوں کا نہیں۔

داخلہ لینا چاہئے۔ اس طرح تسلسل اور توجہ کا مرکز قائم رہتا ہے، آگے بڑھنے کی صلاحیتیں پانی کے قدرتی بہاؤ کی طرح اپنا سفر جاری و ساری رکھتی ہیں اور ایسا انسان پھر اپنے اپنے شعبہ میں ترقی کی منازل طے کرتے کرتے اعلیٰ مقام تک رسائی حاصل کر لیتا ہے، اس کے نتیجہ میں ایسے افراد اپنے خاندان و معاشرے اور سوسائٹی کی قابل فخر و رشک شخصیتیں بن جاتی ہیں اور نافع الناس وجود بن کر انسانیت کی خدمت کر کے اپنی عاقبت بھی سنوار رہے ہوتے ہیں

’’کسب کمال کُن کہ عزیز جہاں شوی‘‘ کے مقولہ کے مطابق وہ دنیا نہیں بلکہ دنیا اُن کے پیچھے بھاگے گی اور اپنے اپنے شعبہ ہائے زندگی میں طلباء کو اس امنگ و ترنگ کے ساتھ سعی پیہم کے ذریعہ اپنی منزل کا تعین کر کے اس کے حصول میں محو ہو جانا چاہئے، اگر اللہ نے چاہا تو وہ پھر دنیا و آخرت میں اُن کے مطلوبہ مقاصد کا حصول آسان ہوتا چلا جائے گا اور ایک دن وہ اپنی منزل تک جا پہنچیں گے۔ اگر نگاہ بلند ہو اور عزم صمیم اور سعی پیہم کے ساتھ محنت کی عادت پڑ جائے تو پھر لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی کی قرآنی تعلیم کے مطابق آپ کی شخصیت کو ایسے چار چاند لگ جائیں گے کہ دنیا آپ کے علم کی روشنی سے منور ہوتی جائے گی اور اللہ تعالیٰ بھی آپ کا معین و مددگار ہوگا۔

امتحانات کے بعد لمبی چھٹیوں کو بھی اگر آپ علم حاصل کرنے میں صرف کریں گے تو نہ صرف تسلسل قائم رہے گا بلکہ آپ کا تحصیل علم کا جذبہ اور شوق بھی بڑھتا رہے گا، جماعتی طور پر بھی تعلیمی و تربیتی کلاسز لگا کر اس کا اہتمام کیا جاتا ہے، اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھانا چاہئے۔

مرکز سلسلہ میں بار بار آئیں اور علماء اور بزرگوں کی صحبت میں وقت گزارہ کریں، ہمارے زمانہ طالب علمی میں چند ایک رفقاء حضرت مسیح موعود موجود تھے، مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ حضرت سید مختار احمد صاحب شاہجہانپوری کا گھر ہر ملاقاتی کے لئے ایک عظیم الشان درس گاہ بنا ہوتا تھا اور صبح سے رات گئے تک ملاقاتیوں کا تانتا بندھا رہتا تھا اور وہ سب کے سب جس میں ہر طبقہ اور عمر کے لوگ ہوتے تھے ان کے علم اور درس و تدریس سے بہرہ ور ہو کر اُن کے گھر سے نکلتے تھے، عجیب تربیتی اور روحانی ماحول ہوتا تھا۔ میں پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ طلباء کا وہ گروپ جو اپنے علم کی پیاس بجھانے کے لئے ایسے بزرگوں کی صحبت میں جایا کرتے تھے وہ دین و دنیا میں چمکتے ہوئے ستاروں کی مانند اب دوسروں تک یہ روشنی پھیلانے کا موجب بن رہے ہیں۔

اب بھی مرکز سلسلہ میں ایسے بزرگوں اور علماء کی کمی نہیں اب تو اس سلسلہ میں خدا کے فضل و کرم سے اگر آپ MTA کے پروگراموں سے فائدہ اٹھائیں تو آپ کی تشنگی یقیناً دور ہو جائے گی۔ MTA اس زمانہ میں ہمارے لئے خدا تعالیٰ کی ایک ایسی نعمت ہے جس سے جتنا فائدہ اٹھانا چاہیں ہم اٹھا سکتے ہیں۔ خاص طور پر اب اس MTA کے ذریعہ حضور انور سے ہم بلا واسطہ استفادہ کر سکتے ہیں اس کا تصور بھی چند سال قبل نہیں کیا جا سکتا تھا۔

چھٹیوں کے دوران طلباء وقف عارضی کی بابرکت سکیم میں حصہ لے کر اپنی تربیت کے سامان پیدا کر سکتے ہیں۔

دنیاوی لحاظ سے فارغ وقت میں اِن تعطیلات کے دوران جہاں سہولتیں موجود ہیں وہاں آپ مختلف زبانوں کے کورسز لے کر تیاری کر کے ان کے امتحانات پاس کر سکتے ہیں جن کی بیرون ملک تعلیمی اداروں میں داخلہ لینے کے لئے اب شرط لگا دی گئی ہے۔ TOEFEL اور IELETS کی کلاسز، کمپیوٹر کی کلاسز اور INTERNET کے استعمال سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اس سلسلہ میں وہ لوگ جو afford کر سکیں NUMEL اسلام آباد سے رجوع کریں۔

اخبارات اور حالاتِ حاضرہ پر روزانہ گہری نظر رکھیں، اپنی معلوماتِ عامہ کو بڑھانے کی خاطر مختلف رسالے اخبارات اور ریڈیو اور ٹی وی کے معلوماتی پروگرام ضرور دیکھا کریں، اس دور میں ذرائع ابلاغ سے فائدہ اُٹھانا کافی آسان ہے۔

بعض لوگ اپنے فطری رجحان کی وجہ سے علم اور ادب کی مختلف برانچز سے دلچسپی رکھتے ہیں بعض نظم اور نثر سے اور شاعری کی مختلف شاخیں ہیں، اِسی طرح نثر میں تاریخی، حالاتِ حاضرہ پر تبصرے، تنقید، سیرت کے موضوع پر اور سفر نامے یقیناً اردو اور انگریزی ادب میں آپ اپنے ذہنی رجحان کے مطابق لٹریچر کا ایک بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے جس سے فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریریوں میں جانے کا فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی جگہ پر آپ کو اپنی پسند اور جستجو کے مطابق مواد اور کتب مہیا ہوتی ہیں جس سے آپ فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ آگے چل کر جب مطالعہ اور حصول علم کی یہ عادت آپ کی روزمرہ کی معمولات بن جائیں گی تو یقیناً آپ کا وجود ایک نافع الناس وجود بن جائے گا اور ایک دنیا آپ سے فائدہ اُٹھاتی چلی جائے گی، خدا کرے کہ ایسا ہی ہو آمین۔

لارج ہیڈرون کولائیڈر

سائنسدانوں کی غالب اکثریت کا خیال ہے کہ کائنات ایک بڑے دھماکے ’’بگ بینگ‘‘ کے نتیجے میں وجود میں آئی۔ تاہم، وہ دھماکا کس نوعیت کا تھا؟ یہ حقیقت مفروضات کی گرد میں لپٹی ہوئی ہے۔ اس گُتھی کو سلجھانے کی ایک کوشش ’’لارج ہیڈرون کولائیڈر‘‘ (LHC) مشین یعنی ’’ذراتی اسراع گر‘‘ کی تیاری بھی ہے، جسے بنانے کا مقصد روشنی کی رفتار سے پروٹانی ذرات کی شعاعوں کو باہم ٹکرا کر ’’بگ بینگ‘‘ جیسے حالات پیدا کرنا ہیں۔ 10 ستمبر 2008ء کو پہلی مرتبہ سائنسدانوں نے اس ٹکراؤ کا عمل کامیابی سے مکمل کیا۔ تاہم، یہ جزوی کامیابی تھی۔ البتہ 30 مارچ 2010ء کو دوسری کوشش میں مطلوبہ توانائی سے نصف، یعنی 7 ٹیرا الیکٹرون وولٹ توانائی حاصل کی گئی ہے۔ تاہم سائنسدان مکمل کامیابی کے لئے دن رات مصروف ہیں۔ 1994ء سے جاری اس مشن میں پاکستان کے سائنسدانوں سمیت 85 ممالک کے دس ہزار سائنسدانوں اور انجینئرز نے حصہ لیا۔ آٹھ ارب ڈالر کی لاگت سے تیار کی جانے والی LHC مشین ستائیس کلومیٹر طویل ہے، جسے سوئٹزرلینڈ اور فرانس کی سرحد کے قریب واقع جنیوا کے یورپی مرکز برائے نیوکلیائی تحقیق ’’سرن‘‘ (Cern) میں تین سو فٹ گہرائی میں نصب کیا گیا ہے۔

مکرم وسیم احمد شمس صاحب مربی سلسلہ

والد گرامی چوہدری عطا محمد صاحب آف گولیکی

گولیکی ضلع گجرات کی دھرتی کو سیدنا حضرت مسیح موعود کی آواز پر لبیک کہنے والے بہت سے جاں نثار پیدا کرنے کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی جیسی ہستی نے حصول علم کی غرض سے اس بستی کا قصد کیا اور اس غلام مسیح الزماں کے مبارک قدموں سے وہ زمین احمدیت کے لئے بڑے جوش کے ساتھ تیار ہوئی۔

منشی احمد دین صاحب اس گاؤں کی ایک معزز اور معتبر شخصیت تھے اور ایک دوسرے قریبی گاؤں میں سکول ٹیچر تھے۔ انہوں نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک خوبصورت کتاب ہے جس پر لکھا ہے۔ ''مرزا صاحب اہم ہستی'' آپ پرائمری پاس تھے۔ اہم کا مطلب معلوم نہ تھا۔ صبح سکول جا کر اپنے ساتھی اساتذہ سے اہم کے معنی معلوم کئے مضمون واضح ہوگیا تو آپ نے فوراً بیعت کر کے احمدیت قبول کر لی۔ یہ 1925ء کی بات ہے۔ آپ شادی شدہ تھے اور آپ کے ہاں یکے بعد دیگرے 4 بیٹیاں پیدا ہوئیں اور وفات پا گئیں۔

سیدنا حضرت مسیح موعود کی غلامی کا جُوا گردن میں پہنتے ہی برکتوں اور افضال الٰہی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگیا۔ وہی خاتون جس کی کوکھ سے صرف لڑکیاں ہی جنم لیتی تھیں اس کے بھاگ اس طرح جاگے کہ اللہ تعالیٰ نے دو دو سال کے وقفہ سے اس کو 6 صحت مند لمبی عمر والے بیٹوں سے نوازا۔ منشی احمد دین صاحب کے ہاں آخری بیٹے کی ولادت ریٹائرمنٹ کے 2 سال بعد 62 سال کی عمر میں ہوئی۔ منشی صاحب چونکہ خود پکے نمازی تھے اور پانچ وقت گاؤں کی بیت الذکر میں باقاعدہ حاضر ہوتے تھے لہٰذا بچوں کو بھی بچپن سے نماز باجماعت کی عادت راسخ ہوگئی۔ گولیکی میں اور لوگوں کو بھی اللہ تعالیٰ نے 6 بلکہ 7 بیٹوں سے نوازا تھا لیکن کسی کی ساری اولاد تعلیم یافتہ نہ ہوسکی جبکہ منشی صاحب کے چھ کے چھ بیٹے اس دور میں میٹرک پاس کر گئے جبکہ عام تعلیم پرائمری یا مڈل تک ہی ہوا کرتی تھی۔ منشی صاحب کے بیٹوں کے اعلیٰ اخلاق اور شرافت کا گاؤں میں ایسا اثر تھا کہ گاؤں میں ان کی شرافت کی مثال دی جاتی تھی۔ جب کسی کے کردار کی ضمانت دینی ہو تو لوگ کہتے ہیں کہ ''وہ تو ایسا شریف ہے جیسے منشی کے بیٹے''۔

خاکسار کے والد محترم چوہدری عطا محمد صاحب منشی احمد دین صاحب کے بیٹوں میں سے تیسرے نمبر پر تھے۔ آپ کی پیدائش 28 اپریل 1930ء کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے ان سب بھائیوں کو نیک طینت اور نہایت پاکیزہ مزاج سے نوازا اور بڑے ہی عمدہ ماحول میں ان کا بچپن گزرا۔ جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی آپ 1957ء میں تلاش معاش میں لاہور چلے گئے اور کنٹونمنٹ بورڈ کے ایک پرائمری سکول میں ملازمت اختیار کر لی اور جماعتی اعتبار سے حلقہ دارالذکر کے ساتھ منسلک ہو گئے۔ 1959ء میں آپ کی شادی قاضی محمد نذیر صاحب لائلپوری کے خاندان میں مکرم قاضی محمد صادق صاحب کی صاحبزادی محترمہ فرحت جبیں صاحبہ کے ساتھ ہو گئی۔ جن کے ساتھ آپ نے 50 سالہ ازدواجی زندگی بِتائی۔ والدہ صاحبہ فروری 2009ء میں 70 سال کی عمر میں وفات پا گئیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو دو بیٹوں اور 3 بیٹیوں سے نوازا جو بفضل اللہ تعالیٰ سب شادو آباد، صاحب اولاد اور حسب توفیق خدمت سلسلہ کی سعادت پا رہے ہیں۔ شادی کے بعد والد محترم نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا کہ وہ اپنے پہلے بیٹے کو دین کی خدمت کے لئے وقف کریں گے۔ چنانچہ اگست 1962ء میں جب خاکسار کا تولد ہوا تو حضور انور کی خدمت میں خاکسار کے متعلق خط لکھ کر اپنی خواہش کا اظہار اور دعا کی درخواست کی۔

جب یہ عاجز تیسری کلاس کا طالب علم تھا تو جلسہ سالانہ کے دوران ہم لوگ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی ملاقات کے لئے لائن میں لگے ہوئے تھے۔ ابا نے مجھے ایک سبق یاد کرانا شروع کیا۔ جب حضور سے ہاتھ ملاؤ گے تو دونوں ہاتھوں سے ملانا اور حضور کا ہاتھ تھام کر عرض کرنا، ''حضور میں واقف زندگی ہوں میرے لئے دعا کریں'' تھوڑی تھوڑی دیر بعد مجھے یہ سبق یاد کراتے رہے۔ آج بھی وہ منظر میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ حضور کرسی پر تشریف فرما تھے جو قدرے اونچی جگہ پر بچھائی گئی تھی۔ وہ کمرہ بہت روشن تھا۔ ابا میری پشت پر تھے۔ میں نے سید و مرشد کا نرم ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیا اور جھٹ سے اپنا سبق سنا دیا۔ سات آٹھ سال کے بچے کی زبانی یہ جملہ سن کر حضور نے تبسم فرمایا۔ ارد گرد کھڑے آپ کے خدام بھی حیرت سے مسکرانے لگے۔ حضور نے اپنا دایاں ہاتھ میرے سر پر رکھا اور دعا دی۔ جو آج بھی اس ذرۂ خاکی کو زندگی کی کٹھن راہوں پر گود میں اٹھائے پھرتی ہے۔ یہ آپ کا خلافت سے وابستہ رہنے کا پہلا سبق تھا جو دلنشین انداز میں دیا۔

1960ء کے قریب ابا جان مجلس خدام الاحمدیہ حلقہ دارالذکر کے زعیم بنے اور سات سال تک یہ سعادت انہیں نصیب رہی۔ اس دوران بعض دیگر اہم ذمہ داریاں بھی آپ کو سونپ دی گئیں۔ اب آپ کے نام سے بہت کم لوگ واقف تھے سب آپ کو زعیم صاحب کہہ کر بلاتے۔

ان دنوں لجنہ کی عہدیدار جماعتی میٹنگز میں خود شامل نہیں ہوا کرتی تھیں بلکہ کوئی مرد نمائندہ مقرر کر دیا جاتا۔ والد صاحب کو یہ اعزاز بھی سال ہا سال نصیب رہا۔ محترمہ سیدہ بشریٰ بیگم صاحبہ بنت حضرت سید میر محمد اسماعیل صاحب ان دنوں صدر لجنہ لاہور تھیں۔ ان سے کسی نے پوچھا کہ آپ ہر بار زعیم صاحب کو ہی اپنا نمائندہ کیوں مقرر کرتی ہیں۔ ان کا جواب صرف چوہدری عطا محمد صاحب کے لئے ہی نہیں آپ کی آئندہ نسلوں کے لئے بھی ایک اعزاز کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے فرمایا: ''مجھے ان سے پردہ نہیں کرنا پڑتا وہ خود پردہ کرتے ہیں''۔

68-1967ء کے دور میں دارالذکر تکمیل کے آخری مراحل میں تھی۔ لکڑی وغیرہ کا کام ہو رہا تھا۔ مکرم چوہدری اسداللہ خان صاحب امیر جماعت لاہور تھے۔ مجلس عاملہ کے اجلاس میں معاملہ زیر غور تھا کہ کوئی جماعتی عہدیدار دارالذکر کی دیکھ بھال، مہمان خانہ اور دیگر معاملات کی نگرانی کے لئے دارالذکر کے اندر رہنا چاہئے۔ محترم امیر صاحب نے خاکسار کے والد محترم کو یوں مخاطب فرمایا۔ ''ماسٹر صاحب، بندہ نواز، میری خواہش ہے کہ آپ بچوں سمیت دارالذکر میں شفٹ ہو جائیں۔ انکار کی کوئی گنجائش نہ تھی۔ مین گیٹ کی بائیں جانب غسلخانے اور وضو کی جگہ تھی اسی کونے میں ایک چھوٹا سا آڑا ترچھا سٹور تھا وہ ہماری رہائش کے لئے خالی کروا دیا گیا اور ہم چار افراد اس جگہ 2 سال تک اس میں مقیم رہے۔

اس سادہ لوح درویش کی زندگی تائید الٰہی کے نشانات سے معمور ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پر جس قدر توکل اور بھروسہ آپ کو عطا تھا اس سے کہیں زیادہ بڑھ کر اس لج پال ہستی کا غیبی ہاتھ آپ کی پشت پناہی فرماتا رہا۔ مذہبی تعصب کی بناء پر آپ کی ذات کو بارہا نشانہ بنایا گیا۔ لیکن ہر بار اللہ تعالیٰ کے معجزانہ رنگ میں آپ کی حفاظت فرمائی اور عزت سے سرخرو فرمایا۔ 1974ء میں آپ نے اپنا تبادلہ لاہور سے کھاریاں کینٹ میں کروایا اور پھر وہیں کے ہو کر رہ گئے۔ ابا جان پکے نمازی تھے۔ یہ بات انہوں نے متعدد بار اس عاجز سے کہی کہ میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے آج تک کوئی نماز نہیں چھوڑی۔ اپنی زندگی کے آخری ایام میں جب بڑھاپے کے باعث کچھ بھی یاد نہیں تھا۔ تب بھی نماز ہر وقت ذہن میں رہتی۔

آپ ایک فدائی اور جذباتی احمدی تھے۔ جلسہ سالانہ ربوہ میں باقاعدگی سے شمولیت کرتے۔ ہر بار جلسہ سے واپسی پر کوئی شعر یا مصرع یاد کر کے آتے اور پھر سال بھر اٹھتے بیٹھتے اس کا ورد جاری رہتا۔

ایک بار جلسہ سالانہ پر سیدنا حضرت مسیح موعود کی نظم ''کس قدر ظاہر ہے نور'' سن کر آئے۔ اس کا ایک شعر بہت پسند آیا اور یاد بھی ہوگیا۔

تیرے ملنے کے لئے ہم مل گئے ہیں خاک میں
تا مگر درماں ہو کچھ اس ہجر کے آزار کا

دوسرا مصرع چونکہ مشکل ہے اس لئے یاد ہونے کے باوجود اس کا مضمون پوری طرح سمجھ نہ پائے البتہ پہلا مصرع حرز جاں بن گیا۔

گائے والد صاحب کا پسندیدہ جانور تھا۔ کچھ دیر کھاریاں کینٹ میں دو تین گائیں پال رکھی تھیں۔ ان کی دیکھ بھال کے دوران کبھی ان کو چراتے ہوئے، کبھی دودھ دوہتے ہوئے کبھی پانی پلاتے ہوئے میں نے کئی رنگ میں آپ کو یہ مصرع گنگناتے سنا۔ ع

تیرے ملنے کے لئے ہم مل گئے ہیں خاک میں

سیدنا حضرت مسیح موعود کے اس ادنیٰ مگر مخلص غلام کو آپ کی ہر بات سے عشق تھا۔ مجھے بچپن میں ساری درثمین خود زبانی یاد کروائی۔ خاص طور پر حضور کی وہ لمبی نظم جس کا عنوان ''مناجات اور تبلیغ حق'' ہے والد صاحب کو بہت پسند تھی۔ رات کو اکثر مجھ سے فرماتے۔ یار دو چار شعر ہی سنا دو ذرا ثاقب زیروی صاحب کی طرز میں۔ چنانچہ میں گلوکاری شروع کر دیتا میں نظم پڑھتا جاتا اور وہ شعروں کے مضمون میں ڈوب کر روتے رہتے۔ بالآخر 31 دسمبر 2010ء بروز جمعۃ المبارک وہ ہم سے دامن چھڑا کر اپنے اس محبوب کے دامن میں چھپ گئے جس کو وہ ہر دم یاد کرتے تھے اور اس کے ملنے کے لئے سچ مچ خاک میں جا ملے۔

خدا تعالیٰ آپ کو غریق رحمت کرے۔ اپنے پیاروں کے قرب میں جگہ دے اور ہمیں آپ کی نیکیاں زندہ رکھنے کی ہمیشہ توفیق دیتا رہے۔

ستاری کا شیوہ اختیار کرو

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی فرماتے ہیں۔

''ایک عورت نے اندر سے کچھ چاول چرائے۔ چور کا دل نہیں ہوتا اور اس کے لئے اس کے اعضاء میں غیر معمولی قسم کی بے تابی اور اس کا ادھر ادھر دیکھنا بھی خاص وضع کا ہوتا ہے۔ کسی دوسرے تیز نظر نے تاڑ لیا اور پکڑ لیا۔ شور پڑ گیا۔ اس کی بغل سے کوئی پندرہ سیر کی گٹھڑی چاولوں کی نکلی۔ ادھر سے ملامت اور ادھر سے پھٹکار ہو رہی تھی جو حضرت مسیح موعود کسی تقریب سے ادھر آ نکلے۔ پوچھنے پر کسی نے واقعہ کہہ سنایا فرمایا محتاج ہے۔ کچھ تھوڑے سے اسے دے دو اور فضیحت نہ کرو خدا تعالیٰ کی ستاری کا شیوہ اختیار کرو۔

(سیرت حضرت مسیح موعود ص 56-57)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 105501 میں عطاء الشکور

ولد عبدالغفور قوم مغل پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن باب الابواب شرقی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-23 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عطاء الشکور گواہ شد نمبر 1 فخر ادریس گھمن وصیت 47809 گواہ شد نمبر 2 ساجد احمد وصیت 56748

مسل نمبر 105502 میں ناصر احمد قریشی

ولد مبشر احمد قریشی قوم قریشی پیشہ ملازمت عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن باب الابواب شرقی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-20 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ......روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ناصر احمد قریشی گواہ شد نمبر 1 فخر ادریس گھمن وصیت 47809 گواہ شد نمبر 2 ساجد احمد وصیت 56748

مسل نمبر 105503 میں حافظ محمد یوسف

ولد محمد حسین شاہد قوم گجر پیشہ فارغ عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوارٹرز تحریک جدید ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-04 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ حافظ محمد یوسف گواہ شد نمبر 1 باسل احمد ولد مبشر احمد شاہد گواہ شد نمبر 2 واصل محمود ولد محمد حسین شاہد

مسل نمبر 105504 میں بلال احمد بشارت

ولد بشارت احمد قوم لوہار پیشہ طالبعلم عمر...... سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفضل شرقی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-23 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ بلال احمد بشارت گواہ شد نمبر 1 فرید الدین عطاء وصیت 82989 گواہ شد نمبر 2 طارق وحید وصیت 43249

مسل نمبر 105505 میں یحیٰ حسن

ولد محمد صدیق قوم سیال پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شمالی انوار ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-16 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/700 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ یحیٰ حسن گواہ شد نمبر 1 محمد انصر احمد ولد منور احمد بھٹی گواہ شد نمبر 2 نوید مظفر ولد مظفر احمد باجوہ

مسل نمبر 105506 میں لبیب احمد محمود

ولد ناصر محمود قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ لبیب احمد محمود گواہ شد نمبر 1 محمود احمد چوہدری وصیت 26750 گواہ شد نمبر 2 اطہر احمد محمود وصیت 63763

مسل نمبر 105507 میں عتیق احمد ناصر

ولد حمید احمد بھٹی قوم بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عتیق احمد ناصر گواہ شد نمبر 1 محمود احمد چوہدری وصیت 26750 گواہ شد نمبر 2 بلال احمد منظور وصیت 40046

مسل نمبر 105508 میں نبیل ریاض بھٹی

ولد ریاض احمد بھٹی قوم بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی قمر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-26 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نبیل ریاض بھٹی گواہ شد نمبر 1 جمیل احمد انور ولد اطہر احمد نظام گواہ شد نمبر 2 عثمان احمد منہاس ولد محمد احمد

مسل نمبر 105509 میں عمران احمد ذکی

ولد ذکی اللہ قوم گل پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی قمر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-03 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عمران احمد ذکی گواہ شد نمبر 1 جمیل احمد ولد اطہر احمد نظام گواہ شد نمبر 2 احسن احمد طاہر ولد محمد اکرم خالد

مسل نمبر 105510 میں غلام محمد

ولد محمد بخش قوم رانا پیشہ کارپینٹر عمر 24 سال بیعت 1999ء ساکن دارالصدر غربی قمر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-26 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/3000 روپے ماہوار بصورت آمد مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ غلام محمد گواہ شد نمبر 1 احسن احمد طاہر ولد محمد اکرم خالد گواہ شد نمبر 2 زاہد محمود ولد محمد اکبر

مسل نمبر 105511 میں عثمان احمد منہاس

ولد محمد احمد قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی قمر ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-26 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عثمان احمد منہاس گواہ شد نمبر 1 احمد مطاع ولد رفیق احمد جاوید گواہ شد نمبر 2 نبیل ریاض بھٹی ولد ریاض احمد بھٹی

مسل نمبر 105512 میں فرخ شعیب قیصرانی

